Maulana Azad National Urdu University
B.Com (I Semester) Examination - December - 2019
BBCM103CCT: Business Economics

Total Marks : 70 **Time : 3 hours**

ہدایات:

یہ پرچہ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ ہر جواب کے لئے لفظوں کی تعداد اشارۃً ہے۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. **حصہ اول** میں **10** لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/ خالی جگہ پُر کرنا/مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے 1 نمبر مختص ہے۔ **(10 x 1 = 10 Marks)**
2. **حصہ دوم** میں آٹھ سوالات ہیں۔اس میں سے طالب علم کو کوئی پانچ سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً دوسو **(200)** لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے **6** نمبرات مختص ہیں۔ **(5 x 6 = 30 Marks)**
3. **حصہ سوم** میں پانچ سوالات ہیں۔اس میں سے طالب علم کو کوئی تین سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً پانچ سو**(500)** لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے **10** نمبرات مختص ہیں۔ **(3 x 10 = 30 Marks)**

حصہ اول

سوال: 1

(i) ہندوستان میں __________ معاشی نظام رائج ہے۔

(ii) کل لاگت کو مقدار پیداوار سے تقسیم کرنے پر __________ لاگت حاصل ہوتی ہے۔

(iii) معاشیات کا باوا آدم __________ ہے۔

(iv) ہندوستان کے مرکزی بینک RBI کے گورنر کا نام __________ ہے۔

(v) کسی شئے کی فروخت کے لیے ایک ہی تاجر ہو تو اس کو ____________ کہتے ہیں۔

(vi) سرمایہ وارانہ معاشی نظام پر حکومت کا مکمل کنٹرول پایا جاتا ہے۔ (صحیح / غلط)

(vii) اشیائے صارفین کی طلب قیمت کے راست متناسب ہوتی ہے۔ (صحیح / غلط)

(viii) طلب کی پیش قیاسی حسابی طریقہ سے بھی کی جا سکتی ہے۔ (صحیح / غلط)

(ix) مستقل لاگت (Fixed Cost) مقدار پیداوار سے تعلق نہیں رکھتے۔ (صحیح / غلط)

(x) ہیرے جواہرات اشیائے صارفین کی مثالیں ہیں۔ (صحیح / غلط)

حصہ دوم

2. کاروباری معاشیات (Business Economics) کی وسعت (Scope) کو بیان کیجیے۔

3. معاشی نظام کی تعریف کرتے ہوئے ان پر مختصر نوٹ لکھیے۔

4. طلب کی لچک پذیری (Elasticsty of Demand) کے مختلف اقسام کو بیان کیجیے۔

5. طلب کی پیش قیاسی (Demand Forecasting) کے طریقوں کی وضاحت کیجیے۔

6. کفایات (Economies) اور عدم کفایات (Dis Economies) کی وضاحت کیجیے۔

7. مکمل مسابقتی بازار (Perfect Competition) سے کیا مراد ہے اس کی وضاحت کیجیے۔

8. قیمت کاری (Pricing) سے کیا مراد ہے اس کے مختلف طریقوں کی وضاحت کیجیے۔

9. خطوط بے نیازی (Indefference Curve) کی تعریف کرتے ہوئے اس کی وضاحت کیجیے۔

حصہ سوم

10. عاملین پیداوار (Factor of Production) کی تعریف کرتے ہوئے اس پر تفصیلی روشنی ڈالیے۔

11. قانون طلب (Law of Demand) کی تعریف کرتے ہوئے جدول وگراف کے ذریعہ اس کی وضاحت کیجیے۔

12. متغیر تناسب کا قانون (Law of Variable Proportion) کی وضاحت کیجیے۔

13. پیداواری لاگت (Cost of Production) کے مفہوم کو بیان کرتے ہوئے لاگت کے مختلف اقسام (Types) کی وضاحت کیجیے۔

14. بازار (Market) کی تعریف کرتے ہوئے اجارہ داری (Monopoly) مکمل مسابقت (Perfect Competition)، Duopoly اور Oligopoly کی وضاحت کیجیے۔